# شیر اور کسان

ورک شیٹ برائے سبق ۱۸

۱۔ دیے گئے الفاظ کے اعراب تبدیل کر کے نئے الفاظ بنائیے اور معنی لکھیے۔

| الفاظ | معنی | نئے الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| پَل | لمحہ | پُل | نہر یا دریا پار کرنے کا راستہ |
| گِل | مٹّی | | |
| چُوک | بھول، غلطی | | |
| شِیر | دودھ | | |
| صفَر | اسلامی سال کا دوسرا مہینہ | | |
| حَکَم | ثالث، منصف | | |
| سَیر | تفریح، گھومنا پھرنا | | |
| عالِم | بہت علم والا | | |
| تلنا | تیل میں پکانا | | |
| چِین | ایک بڑے ملک کا نام | | |

۲۔ دی گئی خالی جگہوں میں درست لفظ لکھیے۔

(ا) میری ________ کھانا پکا رہی ہیں۔ (امّی، اُمّی)

(ب) گاڑی ________ پر پہنچ کر رُک گئی۔ (چُوک، چوک)

(ج) میں کھیلنے کے لیے گیند اور ________ لے گیا۔ (بَلّا، بِلّا)

(د) اُس نے دیر سے آنا ________ کر دیا۔ (تُرک، ترک)

(ہ) پُرانے ________ میں لوگ بیل گاڑی میں سفر کرتے تھے۔ (دور، دُور)

(و) کسی بھی ________ سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ (عالِم، عالَم)

(ز) دادا جان مجھے ________ رہے تھے۔ (بُلا، بلا)

(ح) شاہراہ ریشم پاکستان سے ________ کو جاتی ہے۔ (چین، چِین)

(ط) ہمیں ________ لگا کر پڑھنا چاہیے۔ (دَل، دِل)

(ی) ہمارا اسکول ________ بند رہے گا۔ (کَل، کُل)